# بچے کی پیدائش


LIDA Italia

Sara Dorthea Johannesen

Yasir Tayyab


4

اردو ur

سیلھویت کی عمر انتیس سال ہے۔ اس نے اریٹیریا میں اپنے پہلے بچے کو جنم دیا۔ اسے اور اس کے خاندان کو وہاں بہت مشکل پیش آئی، چنانچہ انہوں نے اٹلی جانے کا فیصلہ کیا۔

اینگ نے انیس سال کی ہونے سے پہلے گھر چھوڑ دیا۔ وہ نیروبی چلی گئی اور وہاں اس کا پہلا بچہ پیدا ہوا۔

جب سیلھویت اپنے دوسرے بچے کے ساتھ حاملہ ہوئی تو اس نے سوچا
کہ کسی دوسرے ملک میں بچے کی پیدائش کیسی رہے گی۔

سیلھویت اور اینگا کا تعلق مختلف خاندانی حالات سے ہے۔ سیلھویت نے خود کو محفوظ محسوس کیا کیونکہ اسے پیدائش کا تجربہ تھا۔ اینگا نے پیدائش کے بارے میں اپنی ماں سے بات کی۔

دونوں خواتین نے سنا ہوا تھا کہ زیادہ تر یورپی ممالک میں حاملہ خواتین کو قبل از پیدائش دیکھ بھال کا حق حاصل ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ انہیں حمل کے دوران مدد ملے گی۔ جیسے ہی سیلھویت کو احساس ہوا کہ وہ حاملہ ہے، تو اس نے اپنے ڈاکٹر سے ملاقات کا وقت لیا۔ سیلھویت کا شوہر اسے گاڑی پر ڈاکٹر کے پاس لے گیا۔

ڈاکٹر نے کچھ ٹیسٹ کیے اور پتہ چلا کہ سیلھویت کو ایک قسم کی ذیابیطس ہے جو کچھ حاملہ خواتین کو ہو جاتی ہے۔ اسے صحت مند غذا کھانے اور ورزش کرنے کی ضرورت تھی۔ سیلھویت خوش تھی کہ وہ جلدی ڈاکٹر کے پاس چلی گئی، اس سے پہلے کہ وہ اور اس کا بچہ بیمار ہو جاتے۔

جب اینگ کی ہمسائی نے سنا کہ وہ بچہ پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہے تو ہمسائی نے اسے کہا کہ وہ حاملہ ہوتے ہی ڈاکٹر سے ملے۔ اس طرح وہ اس بات کو یقینی بنا سکتی تھی کہ وہ اور اس کا بچہ صحت مند ہیں۔

ڈاکٹر نے اسے فولک ایسڈ لینے کو کہا، ایک ایسا وٹامن جو حاملہ خواتین کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

اینگا اور اس کی ڈاکٹر نے اس بات پر اتفاق کیا کہ وہ اپنے حمل کے دوران باقاعدہ معائنے کے لیے ایک دائی سے ملے گی۔ دائی نے اسے کھانے اور آرام کے بارے میں مشورہ دیا، اور اپنے آپ کو اور اپنے بچے کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے بارے میں معلومات دیں۔

دونوں خواتین کے ہاں صحت مند بچوں کی پیدائش ہوئی۔ سیلھویت کا دوسرا بیٹا پیدا ہوا، جبکہ اینگ کی ایک بیٹی پیدا ہوئی۔ ان کے شوہر بہت فخر محسوس کر رہے تھے، اور انہوں نے اپنی مضبوط بیویوں اور صحت مند بچوں کے بارے میں سب جاننے والوں کو بتایا۔

# LIDA Stories

lidastories.net

## بچے کی پیدائش

LIDA Italia
Sara Dorthea Johannesen
Yasir Tayyab

CC BY